**ایم کیوایم سندھ اور بلوچستان کے متاثرہ عوام کی امداد میں کوشاں ہے، متاثرین کی بحالی تک امداد کا سلسلہ جاری رہے گا۔ الطاف حسین**

**حیدرآباد میں ایم کیوایم کے زونل آفس پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف اراکین رابطہ کمیٹی اور زونل کمیٹی کے ارکان سے فون پر گفتگو**

**الطاف حسین نے حیدرآباد میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں کی تازہ ترین صورتحال اور بحالی کے کاموں کی تفصیلات معلوم کیں**

**طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں سے پانی کی نکاسی اور امدادی سرگرمیوں میں رات دن مصروف رہنے پر حیدرآباد کے زونل انچارج**

**محمد شریف، زونل کمیٹی، سیکٹرز اور یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، ارکان اسمبلی، وزراء اور سابقہ ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز اور**

**خدمت خلق فاؤنڈیشن سمیت تمام شعبہ جات کے ارکان کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین**

**حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں سے پانی کے نکاسی کیلئے**

**کراچی سے جنریٹرز بھجوانے پر حیدرآباد کے عوام کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا**

**کراچی سے بھجوائے جانیوالے جنریٹرز کی مدد سے نشیبی علاقوں سے بارش کے پانی کی فوری نکاسی ممکن ہوسکی ہے۔ محمد شریف**

حیدرآباد۔۔۔ 7 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سندھ اور بلوچستان کے جن علاقوں میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ عوام کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ایم کیوایم متاثرہ عوام کی امداد میں کوشاں ہے اور متاثرین کی بحالی تک امداد کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے یہ بات آج حیدرآباد میں ایم کیوایم کے زونل آفس پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد، شاکر علی، ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف اور زونل کمیٹی کے ارکان سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ان سے حیدرآباد میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں کی تازہ ترین صورتحال اور وہاں جاری بحالی کے کاموں کی تفصیلات معلوم کیں۔ اراکین رابطہ کمیٹی اور زونل کمیٹی نے جناب الطاف حسین کو شہر کی تازہ ترین صورتحال اور ایم کیوایم کی جانب سے کی جانیوالی امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے طوفانی بارشوں سے متاثرہ حیدرآباد کے علاقوں سے پانی کے نکاسی کیلئے کراچی سے جنریٹرز بھجوانے پر حیدرآباد کے عوام کی جانب سے جناب الطاف حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ ان جنریٹرز کی مدد سے نشیبی علاقوں سے بارشوں کے پانی کی فوری نکاسی ممکن ہوسکی ہے جسکی وجہ سے آج شہر کی صورتحال بہت بہتر ہے۔ جناب الطاف حسین نے طوفانی بارشوں سے متاثرہ حیدرآباد کے علاقوں کے عوام سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور زیرآب آنے والے علاقوں سے پانی کی نکاسی اور شہر بھر میں امدادی سرگرمیوں میں رات دن مصروف رہنے پر حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف، زونل کمیٹی، سیکٹرز اور یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، ارکان اسمبلی، وزراء اور سابقہ ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز اور خدمت خلق فاؤنڈیشن سمیت تمام شعبہ جات کے ارکان کو زبردست خراج تحسین اور شاباش پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی، حیدرآباد، ٹھٹھہ، بدین، میرپورساکرو، بھنبھور، کیٹی بندر اور گوادر سمیت سندھ اور بلوچستان کے جن علاقوں میں طوفانی بارشوں سے نقصانات ہوئے ہیں اور لوگ متاثر ہوئے ہیں ہم انکے غم میں برابر کے شریک ہیں، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، زون، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اور تمام کارکنان اپنی بساط کے مطابق متاثرہ عوام کی امداد میں کوشاں ہیں اور متاثرین کی بحالی تک امداد کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ جناب الطاف حسین نے حیدرآباد سمیت تمام شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران پر زور دیا کہ حالیہ طوفانی بارشوں اور سمندری طوفان سے پیدا ہونیوالی صورتحال کی روشنی میں ہمیں مستقبل میں قدرتی آفات اور حادثات سے نمٹنے اور ہنگامی صورتحال میں متاثرہ عوام کی مدد کیلئے منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔

☆☆☆☆☆